## سوال

دعا کی قبولیت

## جواب

خانہ کعبہ پر پہلی نظر کے وقت دعا کی قبولیت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! کیا خانہ کعبہ کو پہلی نظر دیکھیں تو جو بھی دعا کریں، وہ قبول ہوتی ہے؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! خانہ کعبہ کو پہلی نظر دیکھتے وقت مانگی جانے والی دعا کی قبولیت کے حوالے سے کوئی صحیح حدیث ہمارے علم میں نہیں ہے۔ ہاں البتہ انسان اس وقت انتہائی عاجزی وانکساری اور شکرانے کے جذبات سے لبریز ہوتا ہے، اوران جذبات کے ساتھ کی ہوئی دعا کو اللہ ضرور قبول کرتے ہیں۔ لہذا ان جذبات میں دعا کرلینے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے، لیکن اسے سنت سمجھ کر نہ کیا جائے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث